Dua on Dahw al-Ard

The supplication of the night the earth was spread beneath the Ka'ba — recited on the 25th of Dhu al-Qadah, a night on which God's mercy is poured out on creation.

89 lines · 19–21 min · alzair.app/duas/dua-dahw-al-ard · Urdu translation

---

1

يَا مُقِيلَ ٱلْعَثَرَاتِ اقِلْنِي عَثْرَتِي

اے لغزشوں کے معاف کرنے والے میری ہر لغزش معاف فرما

2

يَا مُجِيبَ ٱلدَّعَوَاتِ اجِبْ دَعْوَتِي

اے دعاؤں کے قبول کرنے والے میری دعا قبول کرلے

3

يَا سَامِعَ ٱلاصْوَاتِ ٱسْمَعْ صَوْتِي

اے آوازوں کے سننے والے میری آواز سن لے

4

وَٱرْحَمْنِي وَتَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِي وَمَا عِنْدِي

مجھ پر رحم کر میرے گناہوں اور جو کچھ مجھ سے سرزد ہوا ہے اس سے درگذر فرما

5

يَا ذَا ٱلْجَلاَلِ وَٱلإِكْرَامِ

اے جلالت اور بزرگی کے مالک

6

...

7

اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ ٱلْكَعْبَةِ

اے اللہ! اے زمین کعبہ کے بچھانے والے

8

وَفَالِقَ ٱلْحَبَّةِ

دانے کو شگافتہ کرنے والے

9

وَصَارِفَ ٱللَّزْبَةِ

سختی دور کرنے والے

10

وَكَاشِفَ كُلِّ كُرْبَة

اور ہر تنگی سے نکالنے والے

11

اسْالُكَ فِي هٰذَا ٱلْيَوْمِ مِنْ ايَّامِكَ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس دن میں جو تیرے ان دنوں میں سے ہے

12

ٱلَّتِي اعْظَمْتَ حَقَّهَا

تو نے جن کا حق عظیم قرار دیا

13

وَاقْدَمْتَ سَبْقَهَا

انکے شرف کو بڑھایا

14

وَجَعَلْتَهَا عِنْدَ ٱلْمُؤْمِنِينَ وَدِيعَةً

اور انہیں مومنوں کے پاس اپنی امانت بنایا

15

وَإِلَيْكَ ذَرِيعَةً

اور اپنی جانب ذریعہ قرار دیا

16

وَبِرَحْمَتِكَ ٱلْوَسيعَةِ

اور بواسطہ تیری وسیع رحمت کے سوالی ہوں کہ

17

انْ تُصَلِّيَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ

اپنے بندہ محمد پر رحمت نازل فرما

18

عَبْدِكَ ٱلْمُنْتَجَبِ فِي ٱلْمِيثَاقِ ٱلْقَرِيبِ

جو برگزیدہ ہیں اور میثاق میں تیرے نزدیک تر ہیں

19

يَوْمَ ٱلتَّلَاقِ

قیامت میں

20

فَاتِقِ كُلِّ رَتْقٍ

ہر گرفتار کو چھڑانے والے

21

وَدَاعٍ إِلَىٰ كُلِّ حَقٍّ

اور رہ حق کیطرف بلانے والے ہیں

22

وَعَلَىٰ اهْلِ بَيْتِهِ ٱلاطْهَارِ

نیز ان کے پاکیزہ اہل بیت پر رحمت فرما

23

ٱلْهُدَاةِ ٱلْمَنَارِ

جو چراغ ہدایت،

24

دَعَائِمِ ٱلْجَبَّارِ

خدا کے بنائے ہوئے ستون

25

وَوُلاَةِ ٱلْجَنَّةِ وَٱلنَّارِ

اور جنت و جہنم کے حاکم ہیں

26

وَاعْطِنَا فِي يَوْمِنَا هٰذَا مِنْ عَطَائِكَ ٱلْمَخْزُونِ

اور یہ کہ آج ہماری عید کے روزہمیں اپنی عطاؤں کے خزانے سے وہ عطا کر

27

غَيْرَ مَقْطُوعٍ وَلاَ مَمْنُوعٍ

جو کبھی ختم نہ ہو اور نہ اس کو روکا جائے

28

تَجْمَعُ لَنَا بِهِ ٱلتَّوْبَةَ وَحُسْنَ ٱلاوْبَةِ

اس کے ساتھ ہمیں توبہ اور اچھی بازگشت بھی دے

29

يَا خَيْرَ مَدْعُوٍّ

اے بہترین پکارے گئے

30

وَاكْرَمُ مَرْجُوٍّ

اور شریف تر امید کیے گئے

31

يَا كَفِيُّ يَا وَفِيُّ

اے پورا کرنے والے اے وفا کرنے والے

32

يَا مَنْ لُطْفُهُ خَفِيٌّ

اے وہ جس کا کرم نہاں ہے

33

الْطُفْ لِي بِلُطْفِكَ

اپنی کریمی سے مجھ پر کرم فرما

34

وَاسْعِدْنِي بِعَفْوِكَ

اور اپنی پردہ پوشی سے مجھے نیک بختی دے

35

وَايِّدْنِي بِنَصْرِكَ

اپنی نصرت سے مجھے قوی کر

36

وَلاَ تُنْسِنِي كَرِيمَ ذِكْرِكَ بِوُلاَةِ امْرِكَ

اور بواسطہ اپنے والیان امر

37

وَحَفَظَةِ سِرِّكَ

اور اپنے رازداروں کے

38

وَٱحْفَظْنِي مِنْ شَوَائِبِ ٱلدَّهْرِ

مجھے اپنا ذکر پاک نہ بھلا

39

إِلَىٰ يَوْمِ ٱلْحَشْرِ وَٱلنَّشْرِ

حشر و نشر کے دن تک مجھے زمانے کی سختیوں سے اپنی حفاظت میں رکھ

40

وَاشْهِدْنِي اوْلِيَاءَكَ عِنْدَ خُرُوجِ نَفْسِي

مجھے اپنے اولیاء کی زیارت کا شرف بخش

41

وَحُلُولِ رَمْسِي

اس وقت جب میری جان نکلے جب مجھے قبر میں اتارا جائے،

42

وَٱنْقِطَاعِ عَمَلِي

جب میرا عمل بند ہوجائے

43

وَٱنْقِضَاءِ اجَلِي

اور میری عمر تمام ہوجائے

44

اَللَّهُمَّ وَٱذْكُرْنِي عَلَىٰ طُولِ ٱلْبِلَىٰ

اے معبود! مجھے یاد رکھنا جب مجھ پر آزمائش کے لمبا ہونے پر

45

إِذَا حَلَلْتُ بَيْنَ اطْبَاقِ ٱلثَّرَىٰ

کہ جب میں زمین کی تہوں میں پڑا ہوں گا

46

وَنَسِيَنِي ٱلنَّاسُونَ مِنَ ٱلْوَرَىٰ

اور لوگوں میں سے بھولنے والے مجھے بھول چکے ہونگے

47

وَٱحْلِلْنِي دَارَ ٱلْمُقَامَةِ

تب مجھے رہنے کی جگہ دے

48

وَبَوِّئْنِي مَنْزِلَ ٱلْكَرَامَةِ

اور باعزت ٹھکانہ عطا فرما

49

وَٱجْعَلْنِي مِنْ مُرَافِقِي اوْلِيَائِكَ

مجھے اپنے اولیاء کے رفیقوں میں رکھ

50

وَاهْلِ ٱجْتِبَائِكَ وَٱصْطَفَائِكَ

اپنے منتخب افراد میں قرار دے اور اپنے پسندیدہ لوگوں میں داخل کر

51

وَبَارِكْ لِي فِي لِقَائِكَ

اپنی ملاقات میرے لیے مبارک کر

52

وَٱرْزُقْنِي حُسْنَ ٱلْعَمَلِ قَبْلَ حُلُولِ ٱلاجَلِ

موت سے پہلے اچھے اچھے اعمال بجا لانے کی توفیق دے

53

بَرِيئاً مِنَ ٱلزَّلَلِ وَسوُءِ ٱلْخَطَلِ

لغزشوں سے بچائے رکھ اور برے کاموں سے دور کر۔

54

اَللّٰهُمَّ وَاوْرِدْنِي حَوْضَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ

اے معبود! مجھے اپنے نبی حضرت محمد ﷺ کے حوض کوثر پر وارد فرما

55

صَلَّىٰ ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

اے معبود! محمد و ال محمد پر رحمت فرما

56

وَٱسْقِنِي مِنْهُ مَشْرَباً رَوِيّاً

اور اس میں سے سیراب فرما

57

سَائِغاً هَنِيئاً

خوش مزہ گواراپانی سے

58

لاَ اظْمَا بَعْدَهُ وَلاَ احَلَّؤُ وِرْدَهُ

کہ اس کے بعد نہ مجھے پیاس لگے

59

وَلاَ عَنْهُ اذَادُ

اور نہ اس سے روکا جاؤں نہ اس سے ہٹایا جاؤں

60

وَٱجْعَلْهُ لِي خَيْرَ زَادٍ

اور اسے میرا بہتر توشہ قرار دے

61

وَاوْفَىٰ مِيعَادٍ يَوْمَ يَقُومُ ٱلاشْهَادُ

اس دن کے لیے جب وعدے کا دن آپہنچے گا

62

اَللَّهُمَّ وَٱلْعَنْ جَبَابِرَةَ ٱلاوَّلِينَ وَٱلآخِرِينَ

اے معبود! اگلے اور پچھلے ستم گار لوگوں پر لعنت کر

63

وَبِحُقُوقِ اوْلِيَائِكَ ٱلْمُسْتَاثِرِينَ

اور ان پرجنہوں نے تیرے اولیاء کے حقوق غصب کیے

64

اَللّٰهُمَّ وَٱقْصِمْ دَعَائِمَهُمْ

اے معبود! ان کے سہارے توڑ دے

65

وَاَهْلِكْ اشْيَاعَهُمْ وَعَامِلَهُمْ

اور ان کے پیروکاروں اور کارندوں کو ہلاک کر دے

66

وَعَجِّلْ مَهَالِكَهُمْ

اور انکی تباہی میں

67

وَٱسْلُبْهُمْ مَمَالِكَهُمْ

اور ان کی حکومتیں چھیننے میں جلدی کر

68

وَضَيِّقْ عَلَيْهِمْ مَسَالِكَهُمْ

اور ان کے لیے راستے تنگ کردے

69

وَٱلْعَنْ مُسَاهِمَهُمْ وَمُشَارِكَهُمْ

اور ان کے ہمکاروں اور حصہ داروں پر لعنت کر

70

اَللّٰهُمَّ وَعَجِّلْ فَرَجَ اوْلِيَائِكَ

اے معبود! اپنے اولیاء کو جلد کشادگی دے

71

وَٱرْدُدْ عَلَيْهِمْ مَظَالِمَهُمْ

ان کے چھنے ہوئے حقوق واپس دلا

72

وَاظْهِرْ بِٱلْحَقِّ قَائِمَهُمْ

قائم آل(ع) محمد کا جلد ظہور فرما

73

وَٱجْعَلْهُ لِدينِكَ مُنْتَصِراً

اور انہیں اپنے دین کا مددگار

74

وَبِامْرِكَ فِي اعْدَائِكَ مُؤْتَمِراً

اور اپنے اذن سے اپنے دشمنوں پر مسلط فرما

75

اَللّٰهُمَّ ٱحْفُفْهُ بِمَلاَئِكَةِ ٱلنَّصْرِ

اے معبود! ان کے گرد میں مدد گار فرشتوں کو کھڑ اکردے

76

وَبِمَا الْقَيْتَ إِلَيْهِ مِنَ ٱلامْرِ

اور جو حکم تو نے ان کو دیا

77

فِي لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ

شب قدر میں

78

مُنْتَقِماً لَكَ حَتَّىٰ تَرْضَىٰ

اس کے مطابق انہیں اپنی طرف سے بدلہ لینے والا قرار دے یہاں تک کہ تو راضی ہو

79

وَيَعُودَ دينُكَ بِهِ وَعَلىٰ يَدَيْهِ جَدِيداً غَضّاً

تیرا دین ان کے ذریعے پلٹ آئے

80

وَيَمْحَضَ ٱلْحَقَّ مَحْضاً

اور انکے ہاتھوں نئی قوت و غلبہ پاکر حق نکھر کے سامنے آئے

81

وَيَرْفُضَ ٱلْبَاطِلَ رَفْضاً

اور باطل پوری طرح مٹ جائے

82

اَللَّهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلىٰ جَمِيعِ آبَائِهِ

اے معبود! امام العصر(ع) پر رحمت فرما اور ان کے تمام بزرگوں پر

83

وَٱجْعَلْنَا مِنْ صَحْبِهِ وَاسْرَتِهِ

اور ہمیں ان کے مددگاروں اور ساتھیوں میں قرار دے

84

وَٱبْعَثْنَا فِي كَرَّتِهِ

ہمیں ان کی آمد ثانی پر مبعوث فرما

85

حَتَّىٰ نَكُونَ فِي زَمَانِهِ مِنْ اعْوَانِهِ

یہاں تک کہ ہم ان کے عہد میں ان کے حامیوں میں ہوں

86

اَللَّهُمَّ ادْرِكْ بِنَا قِيَامَهُ

اے معبود! ہمیں انکے قیام تک پہنچا

87

وَاشْهِدْنَا ايَّامَهُ

اور ان کی حکومت کے دن دکھا

88

وَصَلِّ عَلَيْهِ وَٱرْدُدْ إِلَيْنَا سَلاَمَهُ

اور ان پر رحمت فرما اور ان کی دعا ہم تک پہنچا

89

وَٱلسَّلاَمُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ ٱللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ

اور ان پر سلام اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

alzair.app — ziyarat guides, shrine recitations with audio, and group tours.

اس متن کو آف لائن پڑھنے کے لیے الزائر ایپ حاصل کریں۔